© rasailojaraid.com



# نیشنلزم کی حقیقت

یورپ میں جن تخیلات اور جن اصولوں پر نیشنلزم کا نشوونما ہوا ہے وہ انسانیت کی عین ضد ہیں۔ انھوں نے انسان کو حیوانیت بلکہ درندگی کے مقام تک گرا دیا ہے۔ وہ خدا کی زمین کو فساد' ظلم اور خون ریزی سے بھرنے والے' اور انسانی تہذیب کے پرامن نشو و ارتقا کو روکنے والے اصول ہیں۔ ابتدا سے خدا کے نبی جن پاک مقاصد کے لیے سعی کرتے رہے ہیں' یہ اصول ان سب پر پانی پھیر دیتے ہیں۔ الٰہی شریعتیں جن اغراض کے لیے دنیا میں آئی ہیں' اور آسمانی کتابیں جن اخلاقی و روحانی تعلیمات کو لے کر نازل ہوئی ہیں' یہ شیطانی اصول ان کے مدمقابل' ان کے مزاحم اور معاند واقع ہوئے ہیں۔ یہ انسان کو تنگ دل' تنگ نظر (قوم پرستانہ تنگ نظری کی انتہا یہ ہے کہ جاپان میں ہندستان کے آم کا داخلہ بند ہے۔ گویا ایک نعمت جو اللہ نے زمین پر پیدا کی ہے' ایک قوم کے لوگ اپنے اوپر اس کو صرف اس لیے حرام کر لیتے ہیں کہ وہ دوسری قوم کے ملک میں پیدا ہوئی) اور متعصب بناتے ہیں۔ یہ قوموں اور نسلوں کو ایک دوسرے کا دشمن بنا کر حق اور انصاف اور انسانیت کی طرف سے اندھا کر دیتے ہیں۔ یہ مادی طاقت اور حیوانی زور کو اخلاقی حق کا قائم مقام قرار دے کر شرائع الٰہیہ کی عین بنیاد پر ضرب لگاتے ہیں۔

الٰہی شریعتوں کا مقصد ہمیشہ سے یہ رہا ہے کہ انسانوں کے درمیان اخلاقی اور روحانی رشتے قائم کر کے انھیں وسیع پیمانے پر ایک دوسرے کا معاون بنایا جائے' مگر نیشنلزم نسلی اور وطنی امتیاز کی قینچی لے کر ان رشتوں کو کاٹ دیتا ہے اور قومی منافرت پیدا کر کے انسانوں کو ایک دوسرے کا معاون بنانے کے بجائے مزاحم اور معاند بنا دیتا ہے۔

الٰہی شریعتیں چاہتی ہیں کہ انسان اور انسان کے درمیان آزادانہ ربط کے زیادہ سے زیادہ مواقع پیدا کیے جائیں کیونکہ انھی پر انسانی تہذیب و تمدن کی ترقی کا انحصار ہے' مگر نیشنلزم ان روابط کی راہ میں ہر قسم کی رکاوٹیں پیدا کرتا ہے حتیٰ کہ ایک قوم کے حلقہ اثر میں دوسری قوم والوں کے لیے سانس لینا تک مشکل کر دیتا ہے (ابوالاعلیٰ مودودی' "مغربی نیشنلزم اور فرنگی لباس" ترجمان القرآن' ج ۱۵' عدد ۱' رجب ۱۳۵۸ھ' ستمبر ۱۹۳۹ء' ص ۶۴-۶۵)۔

© rasailojaraid.com